## سوال

جہیز دینا

## جواب

سوال : کیا اہلحدیث بچی جو عالم دین بھی بن رہی ہو اس کی شادی ایک اسے اہلحدیث سے جائز ہے جو داڑھی منڈا ہو ؟ اور جہیز کے بارے اسلام کیا کہتا ہے ؟ کچھ مال دار اہلحدیث اب ایسا کرتے ہیں کہ اپنی بچی کی شادی کے بعد اس کو تحفہ کے نام پر جہیز دیتے ہیں جس سے اکثر ایسا

جواب : کیا اہلحدیث بچی جو عالم دین بھی بن رہی ہو اس کی شادی ایک اسے اہلحدیث سے جائز ہے جو داڑھی منڈا ہو ؟ ہو سکتی ہے اور لڑکی اور اس کے گھر والوں کو کوشش کرنی چاہیے کہ وہ اس کو ڈاڑھی رکھنے کی ترغیب و تشویق دلاتے رہیں۔ ایسے بہت سے کیسز ملتے ہیں کہ شادی کے بعد کسی نے ڈاڑھی رکھ لی ہو۔

کچھ مال دار اہلحدیث اب ایسا کرتے ہیں کہ اپنی بچی کی شادی کے بعد اس کو تحفہ کے نام پر جہیز دیتے ہیں جس سے اکثر ایسا دیکھا ہے کہ لوگ یہ امید لگا کر بیٹھ جاتے ہیں کہ اب جہیز کا انکار کر دو بعد مین تحفہ کے طور پر تو مل ہی جائے گا

شادی کے موقع پر بچی کو کوئی تحفہ وغیرہ دینے میں کوئی حرج تو نہیں ہے لیکن جہیز یعنی گھر کا مکمل سامان وغیر دینا ایک قبیح رسم ہے جس کی جڑیں ہندوانہ تہذیب سے جا ملتی ہیں۔ ہمیں اس رسم کو ختم کرنے کی کوشش کرنی چاہیے۔